جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

حضرت مولانا محمد اسحاق مدنی پلندزی کی دارالعلوم آمد: ۱۴رجنوری ۲۰۰۹ء کو مولانا محمد اسحاق مدنی پلندری اور لاہور کے معروف عالم دین حضرت مولانا عبدالرؤف ملک اپنے دیگر ساتھیوں سمیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کیلئے دارالعلوم تشریف لائے۔ آپ نے دورۂ حدیث کی کلاس میں طلباء کرام سے خطاب بھی فرمایا۔ مولانا مدنی طویل عرصے سے عرب امارات میں مقیم ہیں اور علمی تحقیقی مصروفیات میں مشغول رہتے ہیں۔ آپ نے قرآن کی بہترین تفسیر ''زبدہ البیان'' اور ''عمدہ البیان'' بھی لکھی ہیں۔

حضرت مولانا روح الامین (پیر آف مانکی شریف) کی دارالعلوم آمد:

گزشتہ دنوں پیر آف مانکی شریف حضرت مولانا روح الامین مدظلہ دارالعلوم تشریف لائے۔ آپ کے ہمراہ علاقہ کی معروف وسماجی شخصیت جناب حج خان بھی تھے۔ محترم پیر صاحب نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی فرمائش پر دورۂ حدیث کے طلباء سے مختصر خطاب اور دعا فرمائی۔

دارالعلوم میں وفاق المدارس کا اہم اجلاس:

۳۱رجنوری، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مجلس عاملہ کے ذیلی کمیٹی برائے دستور وقواعد وضوابط پر غور کے لئے اجلاس وفاق کے مرکزی نائب صدر حضرت مولانا محمد انوار الحق کی صدارت میں جامعہ حقانیہ میں منعقد ہوا۔ جس میں حضرت علامہ مولانا زاہد الراشدی صاحب گوجرانوالہ، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب ناظم وفاق اور حضرت مولانا عطاء اللہ صاحب گلگت نے شرکت کی۔ اجلاس کئی گھنٹے تک جاری رہا جس میں بعض سفارشات عاملہ کے سامنے پیش کرنے کے لئے زیر بحث رہے۔ حتمی تجاویز آئندہ میٹنگ میں مرتب ہوکر عاملہ کی منظوری کے لئے پیش کردی جائیں گی۔

حاجی آفتاب کی والدہ کی وفات:

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے سالے مرحوم حاجی نور محمد کی اہلیہ اور دارالعلوم کے انتہائی مخلص جناب الحاج محمد آفتاب کی والدہ ماجدہ طویل عرصہ کی علالت کے بعد گزشتہ دنوں انتقال فرماگئیں۔ مرحومہ انتہائی عاجز مزاج، خوش اخلاق اور نیک خاتون تھیں۔ جنازے میں پشاور اور صوبہ سرحد کے نامور شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس غم کے موقع پر دارالعلوم جناب محمد آفتاب اور ان کے دیگر پسماندگان کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے۔